اردو لازمی — بارہویں کلاس 1st Annual 2024 — وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا

pakcity.org

## حصہ معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے — 5

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایوب موجود تھے تو ان کی مثال ........... کی تھی | حسین فطرت | عظیم شخصیت | مشفق ہستی | نعائم فطرت |
| 2 | شبلی نے ادارہ قائم کیا | ندوۃ العلماء | سیرت العلماء | خدمۃ العلماء | آئمۃ العلماء |
| 3 | بزرگانہ لباس پہن کر پیرزادے بن کر آئے | حسد و کینہ | غرور اور خود پسندی | احتیاج و افلاس | تدبیر اور مشورہ |
| 4 | محمد بن قاسم نے اپنا نائب مقرر کیا | احمد بن ہارون | محمد بن ہارون | اسد بن ہارون | ہاشم بن ہارون |
| 5 | آمریت مستحکم ہو گئی تھی | نیلم کی | زمرد کی | یاقوت کی | فیروزے کی |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے — 5

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | آپ مجھ پر بھروسہ کر سکتے ہیں ........... میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا | لہذا | اگرچہ | جبکہ | کیوں کہ |
| 7 | بچہ اور بچی ........... | آئے | آئی | آئیں | آیا |
| 8 | "مکاتیب غالب" چھپ ........... | گیا ہے | گئے ہیں | گئی ہے | گئیں ہیں |
| 9 | میاں بیوی ہنسی خوشی ........... | رہتے ہیں | رہتی ہے | رہتا ہے | رہتی ہیں |
| 10 | جلسے میں عورتیں بھی آئی ہوئی ........... | تھی | تھے | تھا | تھیں |

(ج) رموزِ اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے — 5

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | مکمل ٹھہراؤ کی علامت ہے | سکتہ | وقفہ | رابطہ | ختمہ |
| 12 | دودھ میٹھا ہوتا ہے ؛ بچے اسے شوق سے پیتے ہیں ؛ یہ کیلشیم کی کمی پوری کرتا ہے اور ایک اچھی غذا ہے۔ یہ جملہ مثال ہے | سکتہ کی | وقفہ کی | رابطہ کی | ندائیہ کی |
| 13 | سچ ہے : اتفاق میں برکت ہے۔ یہ مثال ہے | سکتہ کی | وقفہ کی | رابطہ کی | تفصیلیہ کی |
| 14 | خط کی علامت ہے | ! | ــــ | ......... | - |
| 15 | جب کسی جملے میں حیرت یا تعجب کا اظہار کیا جائے تو اس کے آخر میں علامت استعمال ہوتی ہے | ندائیہ | فجائیہ | استعجابیہ | رابطہ |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے — 5

| نمبر | فعل | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | دینا : | میں نے اسے تمہارا پیغام دیا | وہ اذان دیتا ہے | اسلم گالی نہیں دیتا ہے | مجھے گھر جانے دو |
| 17 | رہنا : | سلامت رہو | وہ دو سال تک کالج جاتا رہا | آپ کہاں رہتے ہو | بے کار رہنا اچھی بات نہیں |
| 18 | ہونا : | تمہیں کیا ہوا ہے | وہ شام کو کہاں ہوتا ہے | کاش ہم وہاں ہوتے | وہ سویا ہوا ہے |
| 19 | بیٹھنا : | وہ گاڑی میں بیٹھی ہے | وہ اپنی قسمت کو رو بیٹھی | اسے گاڑی میں بیٹھا دو | بیٹھنا مصدر کو فقرے میں استعمال کرو |
| 20 | پانا : | خبردار کوئی نہ جانے پائے | میں نے اپنی کتاب پالی ہے | کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا پڑتا ہے | میں نے ایک پاؤ گوشت خریدا |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

1st Annual 2024 بارہویں کلاس

اردو لازمی — وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : پہلا — کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

pakcity.org

سوال نمبر۲۔(الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۸

اجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپا ہے جس کا نام — اس قریہ شکستہ و شہر خراب سے

عبرت کی اک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی — کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

شور برپا ہے خانہ دل میں — کوئی دیوار سی گری ہے ابھی

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا — جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

تو شریک سخن نہیں ہے تو کیا — ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) اقبال نے آ کر اسلامی و مغربی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا ' جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی واجتماعی نشوونما ہے۔ اقبال کا خیال ہے کہ انسان اطاعت ضبط نفس اور نیابت الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔ اس ارتقا میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔

(ب) مولوی نذیر احمد بڑے غیور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مرفہ الحال تھے، مگر انھوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ جب ان کی شادی ہوئی تو غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے اسی میں الگ ایک کھنڈلا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سنا ہے کہ ان کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلکا تیں کبھی میاں۔

www.pakcity.org

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) ایوب عباسی

سوال نمبر۵۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) سی پیک منصوبہ

(ب) میرا پسندیدہ شاعر

(ج) سیاست میں طلبا کا کردار

سوال نمبر۷۔ گلاب کے پھول کی آپ بیتی تحریر کیجیے ۱۰



Please visit for more data at: www.pakcity.org

DG Khan Board-2024-G-2

PAPER CODE - 8024

اردو لازمی　　　بارھویں کلاس 1st Annual 2024　　　وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا　　　pakcity.org　　　**حصہ معروضی**　　　کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے　　　5

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سبق " ہوائی " کی مصنفہ نے اپنے میاں کی کار کا ماڈل بتایا | 1853ء | 1855ء | 1857ء | 1859ء |
| 2 | مولوی نذیر احمد فارغ التحصیل تھے | دلی کالج سے | علی گڑھ کالج سے | لاہور کالج سے | کلکتہ کالج سے |
| 3 | محنت پسند خردمند نے دودھ پیا تھا | کمال کا | آرام کا | ہنرمندی کا | امید کا |
| 4 | عمر بن عبدالعزیزؒ کے بیٹے کا نام تھا | عباس | عبدالملک | سلیمان | مسلمہ |
| 5 | چراغ حسن حسرت نے مولانا ظفر علی خان کو پہلی بار دیکھا | لاہور میں | دلی میں | آگرے میں | کلکتے میں |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے　　　5

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | مال ' دولت ' جائیداد ' کچھ نہ .............. | بچیں | بچے | بچا | بچی |
| 7 | .............. وقت ہو گیا ہے اس لیے ہمیں چلنا چاہیے | چوں کہ | جیسے | کیوں کہ | اگرچہ |
| 8 | اگرچہ وہ محنتی ہے .............. لائق نہیں | چناں چہ | لیکن | چوں کہ | جب کہ |
| 9 | لڑکی .............. گاتی ہے | اچھی | اچھے | اچھا | اچھیں |
| 10 | چچا اور بھتیجی لڑ.............. | پڑو | پڑیں | پڑی | پڑے |

(ج) رموز و اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے　　　5

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | رابطہ کا دوسرا نام ہے | نصف وقف | وقف لازم | وقف مطلق | وقف خفیف |
| 12 | قائداعظم نے فرمایا : ..........کام ' کام ' بس کام .......... علامت آئے گی | سکتے کی | سوالیہ کی | واوین کی | ندائیہ کی |
| 13 | جملہ معترضہ لکھنے سے پہلے اور بعد علامت آتی ہے | واوین کی | وقفے کی | فجائیہ کی | توسین کی |
| 14 | وقف خفیف کی علامت ہے | ! | : | ؟ | ، |
| 15 | دکھ یا خوشی کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوگی | فجائیہ کی | سوالیہ کی | تفصیلیہ کی | سکتہ کی |

(د) مصادر کی بطور امدادی فعل استعمال کی نشان دہی کیجیے　　　5

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | جانا : | ہم شہر جاتے ہیں | مجھے گھر جانا ہے | میرا پیغام لے جانا | آپ جا سکتے ہیں |
| 17 | آنا : | کبھی میرے شہر بھی آنا | دکان سے دہی لے آؤ | اب تو آ جاؤ | تیرا آنا نہ آنا برابر ہے |
| 18 | لگنا : | میرے تن بدن میں آگ لگی ہے | بچے کو چوٹ لگی ہے | آپ مجھے اچھے لگتے ہیں | اب تو تم سے بھی ڈر لگتا ہے |
| 19 | رکھنا : | میں نے قرض اٹھا رکھا ہے | یہاں پتھر کس نے رکھا ہے ؟ | قلم میز پر رکھ دیں | اپنا خیال رکھنا |
| 20 | اٹھنا : | دل سے دھواں اٹھتا ہے | وہ میرا نام سن کر بھڑک اٹھا | اب یہاں سے اٹھو | تیرا اٹھنا بنتا ہے |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

DG Khan Board-2024-G-2

1st Annual 2024 بارہویں کلاس

اردو لازمی — وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : دوسرا — حصہ انشائیہ — کل نمبر = 80

pakcity.org

سوال نمبر ۲۔(الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے — ۱۰ = ۱+۱+۸

کلرکوں سے آگے بھی افسر ہیں کتنے — جو بے انتہا صاحب غور بھی ہیں
ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل — " مقامات آہ و فغاں اور بھی ہیں "

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے — ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

آخر کو ہو کے لالہ اگا نوبہار میں — خون شہید عشق نہ زیر زمیں رہا
دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو — جینے کا مرے نادم آخر یقیں رہا
یاران گرم رو تو سب آگے نکل گئے — ان سے میں ننگ قافلہ پیچھے کہیں رہا

سوال نمبر ۳۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے نیز مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے — ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) شام کو ہم جزیرے کا اولین معائنہ کرنے کار میں گئے۔ ڈھلتے سورج میں بحرالکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحد نظر سبزہ ہی سبزہ ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر آنگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔

(ب) پبلشروں کی حد تک تو ٹھیک ہے کہ افغانستان میں اس نام کی کوئی مخلوق نہیں۔ حکومت کے محکمے اور ادارے سرکاری مطبعوں میں کتابیں چھاپتے ہیں۔ ان کی بھی مکمل تعداد پورے ملک میں پانچ ہے۔ پرائیویٹ پریس کوئی نہیں ہے۔ اول تو ان حالات میں کوئی شخص کچھ لکھنے کا حوصلہ ہی نہیں کرتا ' اگر کوئی مرزا غالب یا فیض احمد فیض پیدا ہو بھی جائے تو ازراہ قانون اسے حکومت کو عرضی دینی چاہیے کہ بندے کی یہ تالیف لطیف زیور طبع سے آراستہ کی جائے۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے — ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) ایوب عباسی

سوال نمبر ۵۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے — ۵

سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے — ۲۰

(الف) ہمارا نظام تعلیم
(ب) تعلیم نسواں
(ج) منشیات اور ان کی روک تھام

سوال نمبر ۷۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہو — ۱۰



Please visit for more data at: www.pakcity.org

DG Khan Board-2023-G-1

PAPER CODE - 8025

1st Annual 2023 بارہویں کلاس

اردو لازمی ، گروپ : پہلا

pakcity.org

حصہ معروضی

وقت=20منٹ ، کل نمبر= 20

ہدایات : ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1۔

(الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سبق " ایک سفرنامہ جو کہیں کا نہیں ہے" صنفی اعتبار سے ہے۔ | (A) خاکہ | (B) سفرنامہ | (C) افسانہ | (D) داستان |
| 2 | علامہ ابن جوزیؒ کس حوالے سے شہرت رکھتے تھے ؟ | (A) علم تاریخ | (B) علم طب | (C) علم کیمیا | (D) علم حدیث |
| 3 | اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم رہی ؟ | (A) پچاس سال | (B) سو سال | (C) ڈیڑھ سو سال | (D) دو سو سال |
| 4 | سبق " دستک " کے مصنف کا کیا نام ہے ؟ | (A) امتیاز علی تاج | (B) پریم چند | (C) غلام عباس | (D) میرزا ادیب |
| 5 | علی گڑھ میں کس نے فبن کیا ؟ | (A) انگریز استاد نے | (B) انگریز کلرک نے | (C) سکھ کلرک نے | (D) ہندو محاسب نے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | سچ اور دیانت انسان کو بہادر بنا ــــــــــــــ | (A) دیتی ہے | (B) دیتا ہے | (C) دیتیں ہیں | (D) دیتے ہیں |
| 7 | لڑکیوں نے کہا، ہم کھانا کھا ــــــــــــــ | (A) رہی ہیں | (B) رہے ہیں | (C) رہیں ہیں | (D) رہیں ہے۔ |
| 8 | وہ حافظِ قرآن ہی نہیں ــــــــــــــ عالم بھی ہے۔ | (A) صرف | (B) حالاں کہ | (C) اگرچہ | (D) بلکہ |
| 9 | بھائی، بیٹا، بہن، بیوی کوئی ساتھ نہ ــــــــــــــ | (A) جائے گی | (B) جائے گا | (C) جائیں گے | (D) جائیں گی |
| 10 | " کلیاتِ اقبال " چھپ ــــــــــــــ | (A) چکیں ہیں | (B) چکے ہیں | (C) چکی ہے | (D) چکا ہے |

(ج) رموزِ اوقاف کے صحیح استعمال کی نشاندہی کیجئے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | رابطہ کی تعریف ہے۔ | (A) رابطہ کرنا | (B) وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ | (C) بات شروع کرنا | (D) بات ختم کرنا |
| 12 | رنج اور خوشی کے اظہار کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | (A) رابطہ | (B) سکتہ | (C) فجائیہ | (D) وقفہ |
| 13 | ارے میاں ــــــــــــــ تم کہاں سے آرہے ہو؟ | (A) : | (B) ، | (C) ! | (D) :- |
| 14 | وقفہ پر توقف کرنا چاہیے۔ | (A) مختصر | (B) لمبا | (C) بھرپور | (D) سکتہ سے زیادہ |
| 15 | زاہد ــــــــــــــ اسلم اور اکرم گہرے دوست ہیں۔ | (A) : | (B) :- | (C) ، | (D) : |

(د) امدادی فعل کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | دینا | (A) اس نے قلم میز پر رکھ دیا | (B) استاد نے بچے کو شاباش دی | (C) اس کو کاپی دے آؤ | (D) اس نے خط دیا |
| 17 | پڑنا | (A) اولے پڑ چکے ہیں | (B) وہ گھر پڑا رہتا ہے | (C) قلم وہاں پڑا ہے | (D) بچہ دوڑتے ہوئے گر پڑا |
| 18 | ڈالنا | (A) اس نے اخبار پھاڑ ڈالا | (B) گلاس میں پانی ڈالو | (C) آج کا کام کل پر نہ ڈالو | (D) اسلم نے ووٹ ڈال دیا |
| 19 | رہنا | (A) یہاں رہنا ممکن نہیں | (B) یہاں بارش ہوتی رہتی ہے | (C) ہمیشہ خوش رہا کرو | (D) اسلم دو دن یہاں رہا |
| 20 | لینا | (A) یہ قلم آپ لے لیں | (B) اُدھار مت لو | (C) دکان سے کتاب لاؤ | (D) سانس آہستہ لو |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

pakcity.org

اردو لازمی　　　　حصہ انشائیہ　　　　وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : پہلا　　　　کل نمبر = 80

سوال نمبر:2۔ (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ 1+1+4-4=10

| | |
|---|---|
| یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہدیٰ کا | کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا |
| وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا | خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا |

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ 1+3+3+3=10

| | |
|---|---|
| بس کہ دُشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا | آدمی کو بھی میسر نہیں انسان ہونا |
| وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو | آپ جانا اُدھر اورآپ ہی حیراں ہونا |
| عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا مت پوچھ | عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا |

سوال نمبر:3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیئے۔ 10+3+1+1=15

(الف) قادسیہ کی جنگ میں ایرانیوں کو اپنے زبردست لشکر کے باوجود اس لیے شکست ہوئی کہ انہوں نے اپنی طاقت سے زیادہ رستم کی شخصیت سے امیدیں وابستہ کیں۔ رستم مارا گیا تو وہ مسلمانوں کی مٹھی بھر جماعت کے مقابلے سے بھاگ نکلے لیکن اس کے برعکس مسلمانوں کے سپہ سالار سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن وقاص گھوڑے پر چڑھنے کے قابل نہ تھے اور انہیں میدان سے الگ ایک طرف بیٹھنا پڑا لیکن مسلمانوں کی خود اعتمادی کا یہ عالم تھا کہ انہیں اپنے سپہ سالار کی عدم موجودگی کا احساس تک بھی نہ تھا۔

(ب) مولوی نذیر احمد کو زمانہ سازی بالکل نہیں آتی تھی۔ سچی بات کہنے میں انہیں باک نہ ہوتا تھا۔ حیدر آباد دکن میں بڑے بڑے عہدوں پر مامور ہوئے مگر خوش کسی کو نہ کرسکے۔ اسی وجہ سے زیادہ عرصے تک وہاں نہ رہ سکے اور پنشن لے کر دلی چلے آئے۔ ان کے لیے " غیور جنگ " کا خطاب تجویز ہوا تھا، مگر انہوں نے قبول نہیں کیا

www.pakcity.org

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی لکھیئے۔ 9+1=10

(الف) اکبری کی حماقتیں　　(ب) قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر5: سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

سوال نمبر:6 درج ذیل میں سے ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ 20

(الف) شجر کاری کی اہمیت

(ب) محو حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہوجائے گی

(ج) بد عنوانی

سوال نمبر7: اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیئے۔ جس میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور اس کے نقصانات کا جائزہ لیجئے۔ 10



Please visit for more data at: www.pakcity.org

DG Khan Board-2023-G-2

PAPER CODE - 8022
1st Annual 2023 بارہویں کلاس

اردو لازمی ، گروپ : دوسرا pakcity.org حصہ معروضی وقت=20منٹ ، کل نمبر= 20

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1

(الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم رہی ؟ | (A) پچاس سال تک | (B) سو سال تک | (C) ڈیڑھ سو سال تک | (D) دو سو سال تک |
| 2 | سبق "تشکیل پاکستان" کے مصنف کا نام ہے | (A) شاہد احمد دہلوی | (B) میاں بشیر احمد | (C) رشید احمد صدیقی | (D) امتیاز علی تاج |
| 3 | سبق "پہلی رفیقہ" کے مصنف کا نام تھا | (A) شاہد احمد دہلوی | (B) نسیم حجازی | (C) میاں بشیر احمد | (D) شوکت صدیقی |
| 4 | ڈاکٹر زیدی کو کیا تھا ؟ | (A) تپ دق | (B) ملیریا | (C) وہم | (D) نمونیا |
| 5 | ابن انشاء کے مطابق ہملٹ کا قلعہ کہاں ہے ؟ | (A) کوپن ہیگن | (B) گرین لینڈ | (C) السی نور | (D) ڈنمارک |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | امجد نے قلم اور کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔ | (A) خریدی | (B) خریدے | (C) خریدا | (D) تینوں درست |
| 7 | ہر طرف گھاس۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ | (A) اگا | (B) اگی | (C) اگے | (D) اگیں |
| 8 | یہاں دھوپ اور روشنی خوب۔۔۔۔۔۔۔۔ | (A) پڑتی ہے | (B) پڑتے ہیں | (C) پڑتیں ہیں | (D) پڑے ہیں |
| 9 | احمد نے یہ امر تجویز۔۔۔۔۔۔۔۔ | (A) کیا | (B) کی | (C) کیے | (D) کیں |
| 10 | چونکہ وہ بیمار ہے۔۔۔۔۔۔۔۔کالج نہیں آیا۔ | (A) اگرچہ | (B) اس لیے | (C) تاکہ | (D) البتہ |

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | ندائیہ کی تعریف | (A) فقرے کی تکمیل | (B) مختصر ٹھہراؤ | (C) کسی کو پکارنا | (D) جذبات کا اظہار |
| 12 | وقفہ کی علامت ہے | (A) ، | (B) ؛ | (C) : | (D) ! |
| 13 | اس محفل کے شرکاء کے نام یہ ہیں۔(کون سی علامت آئے گی) | (A) : | (B) ؛ | (C) :- | (D) ؟ |
| 14 | غم وغصے کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے | (A) فجائیہ کی | (B) ندائیہ کی | (C) استعجابیہ کی | (D) استفہامیہ کی |
| 15 | وقف لازم کا دوسرا نام ہے | (A) وقفِ نصف | (B) سکتہ | (C) وقفہ | (D) رابطہ |

(د) امدادی فعل کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے۔ 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پانا | (A) محنت کے بغیر کچھ نہیں پاتا | (B) تم نے کیا پایا | (C) کوئی باہر نہ جانے پائے | (D) اس نے زندگی میں کچھ نہ پایا |
| 17 | جانا | (A) مجھے جلدی جانا ہے | (B) اسے لاہور جانا ہے | (C) آپ نے کہاں جانا ہے | (D) آج جلدی آجانا |
| 18 | رکھنا | (A) کیا حالت بنا رکھی ہے | (B) روزہ رکھا ہے؟ | (C) پیسے کہاں رکھے ہیں | (D) اسے ماں باپ کی لاج رکھنا پڑی |
| 19 | اٹھنا | (A) جلدی اٹھنا چاہیے | (B) مجھے کتابیں اٹھا کر دو | (C) شور سے گھر سر پر اٹھا رکھا ہے | (D) چور پولیس کو دیکھ کر بھاگ اٹھا |
| 20 | آنا | (A) کل جلدی آجانا | (B) میرے پاس آجانا | (C) وہ لاہور آیا | (D) وہ امتحان دے آیا ہے |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

DG Khan Board-2023-G-2

اردو (لازمی) بارہویں کلاس 1st Annual 12023 وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : دوسرا حصہ انشائیہ pakcity.org کل نمبر = 80

**سوال نمبر: 2- (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئیے۔ 10 = 4+4+1+1**

ایک بوسیدہ، خمیدہ پیڑ کا کمزور ہاتھ سیکڑوں گرتے ہوؤں کی دستگیری کا امیں

آہ ! ان گردن فرازان جہاں کی زندگی اک جھکی مینی کا منصب بھی جنھیں حاصل نہیں

**(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشری کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئیے۔ 10 = 3+3+3+1**

آخر کو ہو کے لالہ آگا نو بہار میں خون شہید عشق نہ زیر زمیں رہا

دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو جینے کا میرے تا دم آخر یقیں رہا

یاران گرم رو تو سب آگے نکل گئے ان سے میں ننگ قاتلہ پیچھے کہیں رہا

**سوال نمبر: 3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئیے۔ 15 = 10+3+1+1**

**(الف)** ان کا ایک کارنامہ جو نہایت قابل قدر ہے، سلاطین بنی امیہ کی ناجائز کارروائیوں کا ملانا تھا۔ سلاطین بنی امیہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطین تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزاروں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔

**(ب)** علی گڑھ تحریک کی وجہ سے قوم میں کئی اور تحریکات شروع ہو گئیں۔ اختلافات ضرور رونما ہوئے لیکن ایک حد تک یہ نئی زندگی کا نشان تھے۔ سرسید، امیر علی اور دیگر بزرگوں نے اسلام کو مغربی علوم سے اس طرح جاملایا تھا کہ اسے ایک ترقی یافتہ مذہب ثابت کیا لیکن اس جدید علم الکلام کے رد عمل کے طور پر بعض اور مذہبی مساعی بروئے کار آئیں۔

www.pakcity.org

**سوال نمبر: 4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور منصف کا نام بھی لکھئیے۔ 10 = 9+1**

(الف) اکبری کی حماقتیں (ب) ایوب عباسی

**سوال نمبر: 5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5**

**سوال نمبر: 6۔ درج ذیل میں سے ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ 20**

(الف) میرا پسندیدہ شاعر (ب) کمپیوٹر کی اہمیت (ج) سیلاب کی تباہ کاریاں

**سوال نمبر: 7۔ اخبار کے ایڈیٹر کے نام معاشرے میں بڑھتی ہوئی اخلاقی بے راہ روی کے سد باب کے لیے خط تحریر کیجئے۔ 10**

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# DG Khan Board-2022

PAPER CODE - 8021

بارہویں کلاس 12022

اردو لازمی ' گروپ : پہلا — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پرے ہے چرخ ............... سے منزل مسلماں کی ستارے جس کی گرد راہ ہوں، وہ کارواں تُو ہے | (A) سبز فام | (B) نیلی فام | (C) نیلی فام | (D) بے رنگ فام |
| 2 | بیگم اختر ریاض کی جائے پیدائش ہے۔ | (A) کراچی | (B) بنارس | (C) کرناٹک | (D) کلکتہ |
| 3 | ڈاکٹر گلبرگ مہم جو آدمی ہیں برسوں وہ......... جا کر اسکیموؤں کے ساتھ رہے۔ | (A) سوازی لینڈ | (B) نیوزی لینڈ | (C) گرین لینڈ | (D) ہالینڈ |
| 4 | ہوائی میں.........کی فیڈرل حکومت نے ایک عظیم الشان مرکز کھولا ہے۔ | (A) سویڈن | (B) ناروے | (C) امریکہ | (D) مراکش |
| 5 | چراغ حسن حسرت اخبار نئی دنیا کے.........تھے۔ | (A) کولمبس | (B) واسکوڈے گاما | (C) کیپٹن کک | (D) ملاح احمد بن ماجد |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجئے — ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ............... وہ محنت کرتا تو پاس ہو جاتا۔ | (A) مگر | (B) چونکہ | (C) البتہ | (D) اگر |
| 7 | عورتوں نے کہا ہم ابھی............... | (A) آتے ہیں | (B) آتی ہیں | (C) آتیں ہیں | (D) آتی ہے |
| 8 | ادبی رسالہ "فنون" ابھی نہیں............... | (A) چھپی ہے | (B) چھپا ہے | (C) چھپے ہیں | (D) چھپیں ہیں |
| 9 | ............... پہاڑ پر چڑھتے گئے توں توں سردی بڑھتی گئی | (A) جیسے جیسے | (B) ویسے ویسے | (C) جوں جوں | (D) اگرچہ |
| 10 | گھر عورت کی سلطنت............... | (A) ہوتی ہے | (B) ہوتا ہے | (C) ہوتے ہیں | (D) ہوتیں ہیں |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجئے — ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | خوشی کے جذبات کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | (A) فجائیہ کی | (B) رابطہ کی | (C) قوسین کی | (D) خط کی |
| 12 | ؟ یہ علامت ہے۔ | (A) ندائیہ کی | (B) استفہامیہ کی | (C) واوین کی | (D) ختمہ کی |
| 13 | قوسین کو.........بھی کہا جاتا ہے۔ | (A) خطوطِ متوازی | (B) خطوطِ وحدانی | (C) خطوطِ انحراف | (D) خطوطِ عرض بلد |
| 14 | رابطہ کو ............... بھی کہا جاتا ہے۔ | (A) وقفِ خفیف | (B) وقفِ جلی | (C) وقفِ لطیف | (D) وقفِ لازم |
| 15 | " " یہ علامت ہے۔ | (A) ختمہ | (B) ندائیہ | (C) فجائیہ | (D) واوین |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجئے — ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | چکنا : | (A) ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات | (B) شکاری کا نشانہ چُوک گیا | (C) وہ فجر کی نماز پڑھ چکا ہے | (D) وہ وہاں اُس کا حساب چکائے گا |
| 17 | آنا : | (A) اِدھر میرے پاس آؤ | (B) کھانا کھا کر پہلے یہاں چلے آنا | (C) صبح سویرے جلدی آؤ | (D) وہ ہمیشہ سکول دیر سے آتا ہے |
| 18 | اُٹھنا : | (A) وہ صبح دیر سے اُٹھتا ہے | (B) آپ کو یوں ناراض ہو کر نہیں اُٹھنا ہے | (C) تم محفل سے جلدی کیوں اُٹھے | (D) آسٹریلیا کے جنگل میں آگ بھڑک اُٹھی |
| 19 | رکھنا : | (A) تم نے کتاب کہاں رکھی ہے | (B) موبائل فون میز پر رکھو | (C) لڑائی جھگڑے میں آخر کیا رکھا ہے | (D) بچوں نے گھر میں شور مچا رکھا ہے |
| 20 | پانا : | (A) اُس نے محنت کی اور اُس کا پھل پایا | (B) تم نے اُس کام میں کیا کھویا اور کیا پایا | (C) اُس نے مقابلہ میں انعام پایا | (D) اگر وہ محنت کرتا تو منزل پر جلد پہنچ پاتا |

www.pakcity.org

www.pakcity.org

DG Khan Board-2022

بارہویں کلاس 12022

اردو لازمی — وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : پہلا — **حصہ انشائیہ** — کل نمبر = 80

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے — ۸+۱+۱ = ۱۰

تھا کبھی علم آدمی ، دل آدمی ، پیار آدمی — آج کل زر آدمی ، قصر آدمی ، کار آدمی۔
کلبلاتی بستیاں ، مشکل سے دو چار آدمی — کتنا کم یاب آدمی ہے ، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے — ۳+۳+۳+۱ = ۱۰

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا — ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی
یاد کے بے نشاں جزیروں سے — تیری آواز آرہی ہے ابھی
شہر کی بے چراغ گلیوں میں — زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے — ۱۰+۳+۱+۱ = ۱۵

(الف) ایک دفعہ رات کے وقت مسجد میں گئے۔ ایک شخص مسجد کے صحن میں لیٹا ہوا تھا۔ اتفاق سے عمر بن عبدالعزیزؒ کے پاؤں کی ٹھوکر اس کو لگی۔ اس نے جھلا کر کہا ، کیا تو پاگل ہے ؟ عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا کہ نہیں ، پولیس کے آدمی موجود تھے۔ انہوں نے اس شخص کو گستاخی کی سزا دینی چاہی۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا ، کیوں اس نے کیا گناہ کیا ہے ؟ اس نے تو صرف استفسار کیا تھا کیا تم پاگل ہو ؟ میں نے کہہ دیا ، نہیں

(ب) پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہوگی جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا ، جس میں بڑے بڑے سرمایہ داروں کے لیے جگہ نہ ہوگی بلکہ جس میں غریبوں اور کاشتکاروں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا ، جس میں عورت کے حقوق اور اس کی شخصیت محفوظ ہوگی ، جس میں دولت اِدھر تمام لوگوں میں مناسب طور پر تقسیم ہو کر اور اُدھر بیت المال میں جمع ہو کر عوام الناس کا معیارِ زندگی بڑھانے کے کام آئے گی۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے — ۹+۱ = ۱۰

(i) ایک سفرنامہ جو کہیں کا بھی نہیں (ii) مولانا ظفر علی خاں

سوال نمبر۵۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجیے — ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے — ۲۰

(الف) قرآنِ پاک ، مکمل ضابطہ حیات
(ب) کرپشن / بدعنوانی کے اسباب ، اثرات اور تدارک
(ج) بچپن ایک سنہری دور

سوال نمبر۷۔ ضلعی پولیس آفیسر کے نام ، شہر میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورت حال پر قابو پانے کے لیے خط لکھیے — ۱۰

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

PAPER CODE - 8022

بارھویں کلاس 12022

DG Khan Board-2022

اردو لازمی ، گروپ : دوسرا

حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عمر بن عبدالعزیزؒ مذہب کی ............... تھے۔ | (A) عملی تصویر | (B) مجسم تصویر | (C) مکمل تصویر | (D) نامکمل تصویر |
| 2 | علی گڑھ کالج یونیورسٹی کے درجے تک پہنچ گیا۔ | (A) 1914ء | (B) 1920ء | (C) 1900ء | (D) 1947ء |
| 3 | ملک فراغ کے بادشاہ کا نام تھا۔ | (A) نورجہاں | (B) خسروآرام | (C) عبدالملک | (D) آدم خان |
| 4 | مزاج دار بیٹی نے اورجن کو بنایا | (A) بہن | (B) ماں | (C) نوکرانی | (D) سہیلی |
| 5 | محمد بن قاسم نے بصرہ میں قیام کیا۔ | (A) دس دن | (B) تین دن | (C) ایک ماہ | (D) دو گھنٹے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | نوید نے قلم، کتاب اور کاپی ............... | (A) خریدی | (B) خریدے | (C) خریدیں | (D) خریدکیں |
| 7 | چاہے ڈاکٹر ہو ............... پروفیسر | (A) یا | (B) ورنہ | (C) چاہے | (D) بے شک |
| 8 | ہم نے پہاڑی لوگوں کو جفاکش ............... | (A) پائی | (B) پایا | (C) پائے | (D) پائیں |
| 9 | اس کا مال اسباب، زمین کچھ بھی نہ ............... | (A) رہا | (B) رہی | (C) رہے | (D) رہیں |
| 10 | اس کے بیوی بچے آ............... ہیں | (A) رہا | (B) رہی | (C) رہے | (D) رہیں |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | رابطہ سے کم ٹھہراؤ ہوتا ہے۔ | (A) سکتہ میں | (B) وقفہ میں | (C) واوین میں | (D) ندائیہ میں |
| 12 | کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | (A) واوین | (B) تفصیلیہ | (C) فجائیہ | (D) سوالیہ |
| 13 | قائداعظم نے فرمایا.........کام کام کام علامت آئے گی فرمایا کے بعد | (A) سکتہ | (B) واوین | (C) تفصیلیہ | (D) رابطہ |
| 14 | علامت ختمہ استعمال ہوتی ہے۔ | (A) جملے کے آغاز میں | (B) آخر میں | (C) درمیان میں | (D) ہر جگہ |
| 15 | سوالیہ علامت ہوتی ہے۔ | (A) ! | (B) ؟ | (C) :- | (D) : |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پانا : | (A) اسلم نے انعام پایا | (B) محسن نے مقصد پالیا | (C) وہ ابھی تک کام ختم نہیں کر پایا | (D) تم نے کیا پایا |
| 17 | ڈالنا : | (A) ذرا پانی جگ میں ڈالنا | (B) کپڑے بیگ میں ڈال دو | (C) ہم کو تو مار ڈالا تیری جواب طلبی نے | (D) اس نے جھگڑا ڈالا |
| 18 | ہونا : | (A) شام ہوگئی ہے | (B) اس طرح تو ہوتا ہے | (C) اس نے امتحان دیا ہوا ہے | (D) پھر کیا ہوا |
| 19 | لینا : | (A) سبق یاد کرلو | (B) کوا روٹی لے اُڑا | (C) کاغذ میرے پاس لاؤ | (D) بازار سے پھل لا دو |
| 20 | رہنا : | (A) وہ میرے دل میں رہتا ہے | (B) اسے دیر تک رونا آتا رہا | (C) علی کل لاہور رہا | (D) اسلم گاؤں میں رہتا ہے |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# DG Khan Board-2022

بارہویں کلاس 12022

اردو لازمی ، گروپ : دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

نکہت کی کوششیں کہ نکلنا نصیب ہو موسم کو یہ لگن کہ بدلنا نصیب ہو
شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرم سفر رہیں بے رنگیوں میں خالق شام و سحر رہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

حیات چندروزہ بھی حیات جاوداں نکلی جو کام آئی جہاں کے وہ متاع عارضی کب تھی
یہ دنیا کوئی پلٹا لینے ہی والی ہے اب شاید حیات بے سکوں کے سر میں یہ شوریدگی کب تھی
مرے نغموں نے اے دنیائے غم چمکا دیا تجھ کو ترے ظلمت کدے میں زندگی کی روشنی کب تھی

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) " اکبری کو نانی کے لاڈ پیار نے زندگی بھر کی مصیبت میں رکھا۔ لڑکپن میں اکبری نے نہ کوئی ہنر سیکھا نہ کچھ اس کے مزاج کی اصلاح ہوئی۔ جب اکبری نے ساس سے جدا ہو کر الگ گھر کیا، برتن بھانڈا، کپڑا زیور سب کچھ اس کے پاس موجود تھا، چوں کہ خانہ داری کا سلیقہ نہیں رکھتی تھی، چندروز میں تمام مال و اسباب خاک میں ملا دیا اور ایک ہی برس میں ہاتھ کان سے ننگی رہ گئی "۔

(ب) " ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفا الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں۔ یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ " ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کر چلا گیا۔ کم بختو! معلوم، تمہارے شور نے اُسے اُڑا دیا "۔ مولانا ظفر علی خاں کا یہ حال نہیں، جس طرح ہم اور آپ نثر لکھتے ہیں، اسی طرح وہ شعر کہتے چلے جاتے ہیں۔

www.pakcity.org

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر۵۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجئے ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے ۲۰

(الف) محسنِ انسانیت

(ب) اتحاد عالم اسلام

(ج) شجر کاری کی ضرورت و اہمیت

سوال نمبر۷۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے، جس میں مہنگائی اور اس کے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۰

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

DG Khan Board-2019

PAPER CODE - 8021

بارہویں کلاس 12019

اردو لازمی ' گروپ پہلا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجئے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب وفات پائی تو کتنے دینار چھوڑے؟ | (A) پندرہ دینار | (B) سولہ دینار | (C) سترہ دینار | (D) بیس دینار |
| 2 | سرسید احمد خان کا انتقال ہوا؟ | (A) 1857ء میں | (B) 1867ء میں | (C) 1888ء میں | (D) 1898ء میں |
| 3 | جن نے اکبری کو کتنی لونگیں دیں؟ | (A) ایک | (B) دو | (C) تین | (D) چار |
| 4 | ''ہوائی'' کے دارالحکومت کا نام ہے۔ | (A) ٹوکیو | (B) ہونولولو | (C) ہانگ کانگ | (D) نیویارک |
| 5 | مولانا ظفر علی خاں محروم تھے۔ | (A) تو ندسے | (B) آنکھ سے | (C) بازو سے | (D) پاؤں سے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجئے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ''مکتوبات اقبال'' چھپ ......... | (A) گیا | (B) گئی | (C) گئے | (D) گئیں |
| 7 | اس ہفتے ''اخبار جہاں'' تا حال شائع نہیں ......... | (A) ہوئی | (B) ہوا | (C) ہوئے | (D) ہوئیں |
| 8 | سفید عورتوں کو......... کہا جا سکتا ہے۔ | (A) گوری | (B) گوریاں | (C) گورا | (D) گورے |
| 9 | رضا غریب ہی نہیں...... بیمار بھی ہے | (A) کیونکہ | (B) لیکن | (C) اس لیے | (D) بلکہ |
| 10 | عمیر محنتی ہے.........ذہین نہیں۔ | (A) تاکہ | (B) لیکن | (C) البتہ | (D) چونکہ |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجئے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | ( ) کس کی علامت ہے | (A) قوسین | (B) ندائیہ | (C) تفصیلہ | (D) سوالیہ |
| 12 | مناسب علامت لگائیں: تم کب آؤ گے | (A) ، | (B) ؟ | (C) - | (D) :- |
| 13 | ندائیہ کی علامت یہ ہے۔ | (A) :- | (B) : | (C) ــ | (D) ! |
| 14 | کسی قول یا اقتباس کو ہو بہو تحریر کرنا ہو تو علامت آئے گی۔ | (A) ندائیہ | (B) ختمہ | (C) واوین | (D) رابطہ |
| 15 | استفہامیہ کی تعریف ہے۔ | (A) سوال پوچھنا | (B) جواب دینا | (C) قول بیان کرنا | (D) مختصر ٹھہراؤ |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجئے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | (A) وہ صبح جلدی اٹھتا ہے۔ | (B) یہ دھواں کہاں سے اٹھتا ہے | (C) اٹھو ! میرے ساتھ چلو | (D) آگ بھڑک اٹھی۔ |
| 17 | رکھنا : | (A) قلم کہاں رکھا ہے۔ | (B) کتابیں میز پر رکھ دو | (C) مجھے روزہ رکھنا ہے | (D) ہم نے اسے سر پر بٹھا رکھا ہے |
| 18 | چاہنا : | (A) چاہنا کوئی بری بات نہیں | (B) تم کیا چاہتے ہو | (C) بزرگوں کا ادب چاہیے | (D) وہ میرا ہوا چاہتا ہے |
| 19 | سکنا : | (A) تم جا سکتے ہو | (B) وہ سکتہ میں رہ گیا | (C) وہ سکتے میں چلا گیا | (D) علی سکتہ شریف پورہ میں رہتا ہے |
| 20 | ڈالنا : | (A) دودھ ٹب میں ڈالو | (B) اکرم نے ووٹ ڈال دیا | (C) شائستہ نے کمیٹی ڈالی | (D) ابا جان نے اخبار پڑھ ڈالا ہے |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# DG Khan Board-2019

بارہویں کلاس 12019

اردو لازمی | گروپ پہلا | وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

حصہ انشائیہ | کل نمبر = 80

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

کلرکوں سے آگے بھی افسر ہیں کتنے جو بے انتہا صاحب غور بھی ہیں
ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل " مقامات آہ و فغاں اور بھی ہیں "

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

اداسی ، بے دلی ، آشفتہ حالی میں کمی کب تھی ہماری زندگی یارو ہماری زندگی کب تھی
حیات چند روزہ بھی حیات جاوداں نکلی جو کام آئی جہاں کے وہ متاع عارضی کب تھی
یہ دنیا کوئی پلٹا لینے ہی والی ہے اب شاید حیات بے سکوں کے سر میں یہ شوریدگی کب تھی

سوال نمبر ۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) عالم صورت چند روز میں رنگ نکال لایا مگر نئے ڈھنگ سے یعنی ساری زمین شہر، قصبوں اور گاؤں سے بھر گئی۔ کھیت اناج سے اور باغ میووں سے مالا مال ہو گئے۔ شہروں میں بازار لگ گئے۔ عمارتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، گھر آباد ہو گئے۔ جدھر دیکھو، ڈالیوں اور گلزاریوں میں میوے دھرے، دسترخوان گھروں میں بچھے، ذخیرے ظروں سے بھرے، کیا گھر، کیا باہر، اس کے سوا کچھ نظر ہی نہ آتا تھا

(ب) اس کی حسین حدود اور عمارات میں مغرب اور مشرق کے عالم مدعو کیے جاتے ہیں۔ جو سنیئر سکالر کہلاتے ہیں، وہ مرکز کے خرچ پر آتے ہیں۔ ہزار بارہ سو ڈالر کا وظیفہ ہر مہینے پاتے ہیں۔ اس ننھے سے وظیفے میں ایک خاندان ٹھاٹ کر سکتا ہے۔ دس مہینے یا سال کورس کی میعاد ہوتی ہے۔ اس دوران جو مرضی آئے کیجیے ، پڑھیے لکھیے ، ریسرچ کیجیے ، تاثرات قلمبند کیجیے ، کوئی پابندی نہیں۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) ایوب عباسی

سوال نمبر ۵۔ اسرار الحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) سماجی برائیاں اور سدِ باب
(ب) حب الوطنی
(ج) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات

سوال نمبر ۷۔ اپنے دوست کے نام خط لکھیے ۔جسمیں کھانے پینے کی اشیاء میں ملاوٹ پر اپنے تاثرات کا اظہار کیجیے۔ ۱۰



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

PAPER CODE - 8022

بارہویں کلاس 12019

DG Khan Board-2019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کس مغل بادشاہ نے پیغام رسانی کے لیے کبوتر پال رکھے تھے ؟ | بابر | ہمایوں | اکبر | جہانگیر |
| 2 | علی گڑھ کالج یونیورسٹی کے درجے تک پہنچا | 1906 | 1918 | 1920 | 1921 |
| 3 | مکران کے گورنر کا نام تھا | محمد بن یوسف | محمد بن ہارون | علی موسیٰ | علی حیدر |
| 4 | بیگم اختر ریاض الدین کے شوہر کتنا عرصہ پہلے ہوائی جا چکے تھے؟ | تین مہینے | چار مہینے | پانچ مہینے | چھ مہینے |
| 5 | افغانستان میں ریلوے لائن بچھائی تھی۔ | بچہ سقہ | نادر شاہ | احمد شاہ | امان اللہ خاں |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مد نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | دن ہو ..........رات، اللہ کو ہمیشہ یاد کرو | یا | مگر | چونکہ | بلکہ |
| 7 | جوں جوں وقت قریب آیا.........پریشانی بڑھتی گئی | ویسے ویسے | توں توں | جیسے جیسے | تو پھر |
| 8 | آدمی کے دو کان، دو آنکھیں اور ایک منہ.......... | ہوتے ہیں | ہوتا ہے | ہوتی ہے | ہوتیں ہیں |
| 9 | یہ عورت بڑی...... ہے | لڑاکی | لڑاکو | لڑاکن | لڑاکا |
| 10 | اس کا باغ، دوکانیں اور زمین سب.......... | بک گئے | بک گئی | بک گئیں | بک گیا |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو استعمال کرتے ہیں۔ | ختمہ | وقفہ | رابطہ | ندائیہ |
| 12 | واوین کی علامت ہوتی ہے۔: | ! | ؟ | “ ” | : |
| 13 | تفصیلیہ کی علامت ہے۔ | ! | : | ، | :- |
| 14 | کسی کو بلانا یا مخاطب کرنا ہو تو علامت آتی ہے۔ | ندائیہ | رابطہ | واوین | سوالیہ |
| 15 | انگریزی مخففات کو اردو میں لکھتے وقت کون سی علامت آتی ہے | وقفہ | ختمہ | فجائیہ | رابطہ |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست حصے کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پڑنا : | وہ پڑھتا رہا | کتاب میز پر پڑی ہے | وہ گر پڑا | وہ راستے میں پڑا ہے |
| 17 | لینا : | کیا لینا ہے | کتاب لاؤ | اس نے قلم لیا | اس نے کاپی خرید لی |
| 18 | دینا : | مجھے گھر جانے دو | آواز دو | اس نے درس دیا | کتاب کس نے دی |
| 19 | نکلنا : | وہ گھر سے نکلا | میں وہاں جا نکلا | سورج نکلا | وہ نکل نہیں سکا |
| 20 | بیٹھنا : | وہ کرسی پر بیٹھا | کہاں بیٹھے ہو | وہ اُٹھ بیٹھا ہے | نیچے بیٹھو |

4 (Obj)-12019- 50000 SEQUENCE

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# DG Khan Board-2019

بارھویں کلاس 12019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

پہنچتا ہے ہر اک مے کش کے آگے دورِ جام اُس کا　　کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا
میری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی　　کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

دید وا دید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو　　جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
بے ہنر ، دشمنی اہلِ ہنر سے ، آکر　　منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں
آہ ! معلوم نہیں ' ساتھ سے اپنے شب و روز　　لوگ جاتے ہیں چلے ' سو یہ کدھر جاتے ہیں

سوال نمبر ۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔

(ب) مرحوم کو سپردِ خاک کیا گیا۔ مولانا ابوبکر صاحب نے قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر فرمایا: "بھائیو ! ایوب اپنے پیدا کرنے والے کے ہاں پہنچ گئے۔ اگر تم میں سے کسی کو کوئی تکلیف پہنچی ہو تو معاف کر دینا" گریہ سب کے گلوگیر ہوا، کسی نے روکا اور کسی نے نہ روکا! ایک غم نصیب کے قلب کی گہرائیوں سے ایک اور دردناک صدا بلند ہوئی: "کیا یہاں کوئی ایسا بھی موجود ہے جس پر ایوب کی خدمات کا صلہ واجب الادا نہ ہو؟ " اس آواز کو سنا کسی نے نہیں، محسوس سب نے کیا۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) مناقبِ عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) ہوائی

سوال نمبر ۵۔ سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) پانی کا بحران۔ ایک اہم قومی مسئلہ

(ب) پاک چین دوستی

(ج) اردو : ہماری قومی زبان

سوال نمبر ۷۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کیجیے۔ ۱۰



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

PAPER CODE - 8021

DG Khan Board-2018

بارہویں کلاس 12018

اردو لازمی ' گروپ پہلا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نواب محسن الملک نے ریاست کا بجٹ نمونے پر مرتب کیا۔ | (A) مصر کے | (B) ترکی کے | (C) علی گڑھ کے | (D) عراق کے |
| 2 | مولانا ظفر علی خاں محروم تھے۔ | (A) تونڈ سے | (B) آنکھ سے | (C) ہاتھ سے | (D) پاؤں سے |
| 3 | کابل ہوٹل میں روزانہ کا اچھا کمرہ ہے۔ | (A) ایک ڈالر | (B) سات ڈالر | (C) دس ڈالر | (D) چار ڈالر |
| 4 | پنا مل جوہری زبردستی بجن کے پلّے باندھ دیتا تھا۔ | (A) دو سو روپے | (B) پانچ سو روپے | (C) پچاس روپے | (D) ایک سو روپے |
| 5 | مولوی نذیر احمد شادی کے وقت ملازم تھے۔ | (A) پندرہ روپے کے | (B) دس روپے کے | (C) بیس روپے کے | (D) پچاس روپے کے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میں نے یہاں کے آم میٹھے ........... | (A) پائیں | (B) پائی | (C) پائے | (D) پایا |
| 7 | یہ عورت بڑی ................. | (A) لڑاکی ہے | (B) لڑاکو ہے | (C) لڑاکیں ہے | (D) لڑاکا ہے |
| 8 | چونکہ وہ بیمار ہے......کالج نہیں آیا | (A) اس لیے | (B) لہذا | (C) اگرچہ | (D) تاکہ |
| 9 | تم نے آج اخبار جنگ................. | (A) دیکھی | (B) دیکھا | (C) دیکھیں | (D) دیکھے |
| 10 | آج عمران کالج نہیں آسکا......اس کا بیٹا بیمار تھا۔ | (A) اگرچہ | (B) کہ | (C) کیونکہ | (D) چنانچہ |

(ج) رموزِ اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | ندائیہ کی علامت ہے | (A) ؟ | (B) ! | (C) ؛ | (D) : |
| 12 | جملہ معترضہ کے گرد علامت استعمال ہوگی | (A) : | (B) ( ) | (C) ؟ | (D) ، |
| 13 | ؛ علامت ہے۔ | (A) ندائیہ | (B) تفصیلیہ | (C) رابطہ | (D) وقفہ |
| 14 | مختصر ترین ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوگی۔ | (A) ، | (B) : | (C) " " | (D) ؟ |
| 15 | تفصیلیہ کی علامت ہے۔ | (A) :- | (B) ؛ | (C) ! | (D) : |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست حصے کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | رہنا : | (A) علی لاہور جا رہا ہے۔ | (B) اصولوں پر قائم رہنا چاہیے۔ | (C) ہنگامہ رات بھر جاری رہا۔ | (D) شاہد گاؤں میں رہتا ہے۔ |
| 17 | لگنا : | (A) تیر نشانے پر جا لگا۔ | (B) میں کیسا لگ رہا ہوں؟ | (C) ٹی وی پر کارٹون لگے ہوئے ہیں | (D) کیا آپ کو میری بات بُری لگی |
| 18 | کرنا : | (A) غلط کام مت کریں | (B) میں نے یہ کام کر دیا ہے | (C) کاش وہ محنت کرتا | (D) کھانا وقت پر کھایا کرو |
| 19 | ڈالنا : | (A) چائے میں چینی ڈالنا | (B) گڑھے میں مٹی ڈالو | (C) بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی | (D) یہ خط ڈال آؤ |
| 20 | لینا : | (A) میں نے یہ مکان خرید لیا ہے | (B) مجھے قلم لا دو۔ | (C) بازار سے کتاب لے آؤ | (D) قسمت ہمیں کہاں لے آئی؟ |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# DG Khan Board-2018

(بارہویں کلاس 12018)

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

حصہ انشائیہ

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

راتوں کو ہے سحر کی تجلی کا انتظار ہے ہر صدا فراق خموشی میں بے قرار
سوئے خزاں ، بہار گلستان روانہ ہے ہر برگ کا سکوت سراپا فسانہ ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے
مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا وہ مشت خاک ابھی آوارگان راہ میں ہے
خبر ملی ہے خدایان بحر و بر سے مجھے فرنگ رہ گزر سیل بے پناہ میں ہے

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا، شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں، ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب، چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیزوں کو برابر بٹھانا اور پوچھنا۔

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنڑ پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدر آباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) مولانا ظفر علی خان

۵۔ نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) ہادی عالم ﷺ

(ب) نوجوان نسل اور جدید ٹیکنالوجی

(ج) ماحولیاتی آلودگی

۷۔ اپنی بڑی ہمشیرہ کو خط لکھ کر ان کے بھیجے ہوئے تحفے پر شکریہ ادا کیجیے۔ ۱۰

Please visit for more data at: www.pakcity.org